بند کیجئے | پرنٹ کیجئے | اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

日本株1万円割れ株大暴落の前兆
www.kabunogakkou.com
なぜいま株価が乱高下するのか？ 株で勝つ人負ける人の違いとは何か

نوجوانوں کیلئے 100 ارب کی قرضہ اسکیم کا اجراء

# فیکٹریاں چلانا حکومت کا کام نہیں‘ پی آئی اے سمیت نقصان میں چلنے والے اداروں کی جلد نجکاری ہوگی

نواز شریف

## حالات راتوں رات تبدیل نہیں ہوں گے‘ عوام حوصلہ رکھیں‘ لوڈ شیڈنگ بھی ختم ہوگی‘ بڑے بڑے گروپ اربوں لے جاتے تھے‘ نوجوانوں کو کوئی ایک روپیہ دینے کو تیار نہیں تھا

## بیروزگاری دیکھ کر دل جلتا تھا‘ عوام کی خاطر وزارتِ عظمیٰ قبول کی‘ ڈر کے مارے وزیرخزانہ سے گردشی قرضوں کی ادائیگی کی تفصیلات نہیں پوچھتا‘ وزیراعظم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی، آئی این پی) وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پی آئی اے سمیت جو ادارے نقصان میں چل رہے ہیں ان کی جلد نجکاری ہوگی ، دکانیں اور فیکٹریاں چلانا حکومت کا کام نہیں‘ نوجوانوں میں بیروزگاری دیکھ کر دل جلتا تھا، انتخابی وعدوں پر عمل یقینی بنائیں گے، عوام حوصلہ رکھیں ، لوڈشیڈنگ بھی ختم ہوگی، عوام کی خاطر وزیر اعظم بنا قبول کیا، الیکشن مہم کے دوران بے روزگار نوجوان ڈگریاں دکھاتے تھے تو دل پریشان ہوجاتا تھا، بڑے بڑے گروپ اربوں روپے کے قرضے لے لیتے تھے اور نوجوانوں کو کوئی ایک روپیہ قرضہ دینے کے لئے تیار نہیں تھا، میں ڈر کے مارے وزیر خزانہ سے گردشی قرضوں کی ادائیگی کی تفصیلات نہیں پوچھتا۔ وہ نوجوانوں کے لئے 100 ارب کی قرضہ اسکیم کے اجراء کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے 1990 میں اقتدار میں آکر نجکاری کا عمل شروع کیا اور جو بینک اس وقت کروڑوں روپے نقصان پر چل رہے تھے آج نہ صرف کروڑوں روپے منافع کما رہے ہیں بلکہ حکومت کو بھی کروڑوں روپے کا ٹیکس ادا کررہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ راتوں رات حالات تبدیل نہیں ہوں گے لیکن عوام کو جلد واضح فرق نظر آئے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں نے خود کو وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے لئے قائل کیا، جب الیکشن جیت گئے تو میں نے پاکستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خاطر وزیراعظم بنا قبول کیا کیونکہ ایسے حالات میں کون پاکستان کا وزیراعظم بنا قبول کرتا ہے۔ وزیراعظم نے اس مرحلے پر مسکراتے ہوئے کہا کہ مجھے بھی سمجھ نہیں آرہی کہ یہ لوڈشیڈنگ کیوں کم ہوگئی ہے اور وزیر پانی وبجلی خواجہ آصف کو بھی سمجھ نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ 5 سوارب روپے کے گردشی ادا کئے گئے، اسحٰق ڈار صاحب کو بھی پتا نہیں کہ یہ قرضے کیسے ادا ہوگئے اور انہوں نے کیسے بندوبست کیا، میں ڈر کے مارے ڈار صاحب سے زیادہ تفصیل نہیں پوچھتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آنے سے پہلے کرپشن میں پاکستان ترقی کررہا تھا اور اب عالمی اداروں نے تسلیم کیا ہے کہ کرپشن میں نمایاں کمی ہوئی ہے، وزیراعظم نے یوتھ لون پروگرام کے حوالے سے کہا کہ اس منصوبے میں وزیراعظم سمیت وزراءیا پروگرام کے عہدیداران کا کوئی کوٹہ یا حصہ شامل نہیں ہے، وفاقی وزیر خزانہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ آئندہ ہفتے سے وزیراعظم یوتھ لون اسکیم کے لئے قرضوں کا اجراء شروع کردیں گے، غریبوں کیلئے 30 ارب روپے سے بڑھا کر 60ارب روپے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، وزیراعظم یوتھ بزنس قرض پروگرام کی چیئر پرسن مریم نواز نے کہا ہے کہ اس اسکیم کے تحت نوجوان نسل کو اپنا مستقبل سنوارنے کا موقعہ ملے گا، منصوبے کے لئے 100 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، 55 شعبوں میں بزنس پلان کی نشاندہی کی گئی ہے ، قرضوں کے اجراء اور ان کے استعمال کے لئے مانیٹرنگ کا بھی ایک نظام بنایا گیا ہے، قرضے کے لئے صرف 3 شرائط رکھی گئی ہیں جو نہایت آسان ہیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھیے